© rasailojaraid.com



میں حضرت قاری صاحب کی علمی خدمات کو ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ فاضل مرتب کے بقول: ''مقصود یہ تھا کہ تحریر و تقریر کے میدان میں حضرت قاری صاحب کی خدمات کا ایک خاکہ ( کتابیات، ببلو گرامی ) سامنے لایا جائے۔ جس میں حضرت قاری صاحب کی تصانیف کی فہرست، آپ کے مقدمات، تصدیقات و تقاریظ، آپ کے مطبوعہ خطوط، آپ کے خطبات و تقاریر نیز وہ مختلف مضامین و تحریریں جو مختلف کتب و رسائل میں شامل ہوں، وہ سب یکجا ہو جائیں۔''

مرتب نے ممکنہ حد تک دستیاب مواد تک رسائی کر کے یہ خوبصورت خاکہ ترتیب دیا ہے، جو دراصل حضرت قاری صاحب کی علمی خدمات کا آئینہ ہے۔ مرتب کی یہ قابل تحسین کوشش ہدیۂ تبریک کی مستحق ہے۔ (تبصرہ: ڈاکٹر محمد عمر فاروق)

● **اسلام اور مغرب**　　ڈاکٹر محمود احمد غازی

ضخامت: ۴۶ صفحات　　قیمت: ۱۵ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے۔۴/ ۱۷، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی

جناب ڈاکٹر محمود احمد غازی کے ایک خطبہ کو زوار اکیڈمی نے زیورِ طباعت سے آراستہ کیا ہے۔ اپنے خطبہ میں ڈاکٹر صاحب نے اسلام اور مغرب کے تعلقات کی قدیم و جدید تاریخ کو پیش کرنے کے ساتھ ساتھ مغرب کے مسلمانوں کے خلاف عائد کردہ الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ علاوہ ازیں انھوں نے مسلمانوں کی کمزوریوں کو بھی آشکارا کیا ہے کہ جن کی بدولت اسلام کو نقصان اور مغرب کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انھوں نے بتایا ہے کہ ''مسلمانوں کی کمزوریوں کے باوجود، اسلام تیزی کے ساتھ مغرب میں پھیل رہا ہے اور ایک بہت اہم اور عجیب بات یہ ہے کہ اسلام لانے والوں میں سب سے بڑی تعداد اور تناسب خواتین کا ہے۔'' (ص: ۴۱)

ڈاکٹر محمود احمد غازی نے مغرب کی نام نہاد جدید ترقی اور اُس کی جارحانہ مسلم کش پالیسیوں سمیت اُن تمام مغربی، حیوانی رویوں کو موضوعِ بحث بنایا ہے جن کے ذریعے مسلمانوں کے دین و ایمان کو بنیاد پرستی، جہالت، دقیانوسیت اور تاریک خیالی سے موسوم کیا جا رہا ہے۔ انھوں نے اسلام کی حقانیت اور اہلِ مغرب کی منافقت کو دوٹوک انداز میں واضح کیا ہے۔ یہ خطاب اگرچہ مختصر ہے مگر اپنے اندر وسعت و جامعیت رکھتا ہے۔ ہم اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت و تقسیم کی سفارش کرتے ہیں۔ (تبصرہ: ڈاکٹر محمد عمر فاروق)

● **عہدِ فاروقی کے باکمال**　　مؤلف: پروفیسر علی محسن صدیقی

ضخامت: ۳۱۲ صفحات　　قیمت: ۲۴۰ روپے　　ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے۔۴/ ۱۷، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی

پروفیسر علی محسن صدیقی مصنف، مؤلف اور مترجم کے طور پر علمی حلقوں میں اپنی پہچان رکھتے ہیں۔ ان کا خاص موضوع اسلامی تاریخ ہے۔ ان کی کئی کتابیں شائع چکی ہیں۔ اس سے پہلے صدیقی صاحب کی ایک کتاب جو کہ حضرت



© rasailojaraid.com